© rasailojaraid.com


# عورتوں کی اسمبلی

یہ نرگس وہ نسرین یہ سنبل وہ لالہ
گلابی سی گل رخ، غزل سی غزالہ
نظر میں ستارے جبیں پر اجالا
جو دیکھے پکارے ارے مار ڈالا

نہ کیوں دل نشیں ہو یہ تقریر سادہ
کہ الفاظ کم ہیں تبسم زیادہ
"سپیچوں" میں گوٹے کناری کی باتیں
بہو کی کفایت شعاری کی باتیں
پڑوسن کی پرہیز گاری کی باتیں
غرض ہر بیاہی کنواری کی باتیں

شہادت کی انگشت اقبال پر ہے
کبھی ناک پر ہے کبھی گال پر ہے
یہ انداز غیض و غضب بولتی ہیں
بہ آواز شور و شغب بولتی ہیں
نہیں بولتی ہیں تو کب بولتی ہیں
یہ جب بولتی ہیں تو سب بولتی ہیں
نہ یہ سن رہی ہے نہ وہ سن رہی ہے
یہ دل بن رہی ہے وہ جال بن رہی ہے

کوئی گھر میں طرز بیاں چھوڑ آئی
کوئی کار میں چابیاں چھوڑ آئی
یہ ہر بحث کو درمیاں چھوڑ آئی
وہ سب فائلیں نیم جاں چھوڑ آئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حقائق کی سنگینیوں نے صدا دی
تو یہ فاتح زندگی مسکرا دی

جو اوڑھے ہوئے شال ہے چار خانی
زمیں پر کوئی شعلہ آسمانی

ہمہ بے یقینی ہمہ بے گمانی
ذرا دیکھنا اس کی آتش بیانی

وزارت کو مارے ہے یوں گفتگو سے
کوئی ساس لڑتی ہو جیسے بہو سے

(مجید لاہوری)

## مسافرینِ آخرت

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن استاد عبدالحمید صاحب کے برادرِ بزرگ حاجی عبدالرزاق زرگر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ وہ حضرت امیر شریعت کے پرانے ارادت مند اور جماعت کے کارکن تھے۔

○ مجلس احرار اسلام ملتان کے نوجوان اور مخلص کارکن مستری عبدالستار صاحب کے تایا گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

○ مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان کے صدر حاجی عبدالعزیز صاحب اور حافظ سعید صاحب کے والد ماجد حافظ اللہ بخش صاحب ۷ اکتوبر کو وفات پا گئے۔

○ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے انتہائی مخلص کارکن جناب محمد امجد بٹ ۱۳ اکتوبر کو انتقال کر گئے۔

○ مجلس احرار اسلام بہاولنگر کے کارکن جناب ریاض معاویہ صاحب کے والد ماجد محمد شفیع صاحب گزشتہ ماہ رحلت کر گئے۔

ادارہ کے تمام اراکین اپنے احباب کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور تمام مرحومین کی مغفرت و بلندیٔ درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ اپنے ان بزرگوں اور دوستوں کیلئے دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے سیئات در گزر فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ لواحقین کو صبر، عطاء فرمائے (آمین)

ادارہ

© rasailojaraid.com